# اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹسِ ہٰذا کمپنی کے تمام اراکین کو مطّلع کیا جاتا ہے کہ ایسکارٹس انویسٹمینٹ بینک لمیٹڈ کا ستائیسواں سالانہ اجلاسِ عام بمقام ہوٹل لکسس گرینڈ 4 ایجرٹن روڈ، بالمقابل ایوانِ اقبال، لاہور 22 اکتوبر، 2022 بروز ہفتہ، صبح 9:30 بجے، درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

**عمومی امور:**

1) سالانہ اجلاسِ عام منعقدہ 28 اکتوبر، 2021 کے مِنٹس کی منظوری۔

2) 30 جون، 2022 کو ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں مع متعلقہ پارٹی کے لین دین، آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین جائزہ رپورٹ کی وصولی، ان پر غور و خوض اور منظوری۔

3) 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے بیرونی محاسب (ایکسٹرنل آڈیٹرز) کی تقرری اور اُن کے معاوضے کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے آڈٹ کمیٹی کی سفارشات پر سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز طارق عبدالغنی مقبول اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کے تقرر کی سفارش کی ہے، جنہوں نے دوبارہ تقرری کے لیے اپنی خِدمات پیش کی ہیں۔

**خصوصی امور**

4) غور کرنے پر اگر مناسب سمجھا جائے تو، مندرجہ ذیل خصوصی قراردادیں منظور کرتے ہوئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ڈائریکٹرز کے معاوضے کو منظور کریں:

یہ طے کیا گیا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ان کی خدمات کے لیے ڈائریکٹرز کا معاوضہ 50,000 روپے فی میٹنگ مقرر کیا جائے گا۔

مزید طے کیا گیا ہے کہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 69 کو حذف کر کے اس کو درج ذیل سے تبدیل کر دیا جائے:

**ڈائریکٹرز کا معاوضہ**

"جب تک کمپنی کی طرف سے جنرل میٹنگ میں اس کے برخلاف تعین نہیں کیا جاتا، ہر ڈائریکٹر (بشمول ایک متبادل ڈائریکٹر لیکن چیف ایگزیکٹو/ مینجنگ ڈائریکٹر اور ایک کل وقتی ورکنگ ڈائریکٹر کو چھوڑ کر) بورڈ اور کمیٹی میں شرکت کے لیے اپنی خدمات کے لیے معاوضے کا حقدار ہوگا۔ بورڈ میٹنگ اور کمیٹی میٹنگ میں شرکت کی فیس بالترتیب 200,000، روپے اور 50,000 روپے ہوگی۔ تاہم، سرکلر قراردادوں کے ذریعے منعقد ہونے والی میٹنگ کے لیے کسی بھی ڈائریکٹر کو میٹنگ فیس ادا نہیں کی جائے گی۔ ہر ڈائریکٹر (بشمول ہر ایک متبادل ڈائریکٹر)، ڈائریکٹرز میٹنگ، کمیٹی آف ڈائریکٹرز کے اجلاسوں میں اس کی حاضری کے نتیجے میں ہونے والے اپنے معقول اخراجات کی وصولی کا حقدار ہوگا۔"

مزید یہ طے کیا گیا کہ کمپنی کے سیکرٹری اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر فنانس کو اکیلے اور/ یا مشترکہ طور پر کمپنی کی آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو تبدیل کرنے کے مقاصد کے لیے تمام ضروری، ذیلی اور متعلقہ اقدامات کرنے کے لیے اکیلے اور/ یا مشترکہ طور پر اختیار دیا گیا ہے جس میں تمام مطلوبہ دستاویزات/ قانونی فارم کی فائلنگ اور جمع کرانا اور دیگر تمام ریگولیٹری تقاضوں کی تعمیل کرنا شامل ہے تاکہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی کو موثر بنایا جا سکے اور مذکورہ قرارداد کو نافذ کیا جا سکے۔

**دیگر امور**

5) اجلاس کے سربراہ کی اجازت سے کسی دیگر کاروائی پر غور و خوض۔

خصوصی کاروبار سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت اس نوٹس میں موجود خصوصی کاروبار سے متعلق تفصیلی اور خصوصی حقائق کو بیان کرنا۔

بحکم بورڈ آف ڈائیرکٹرز

**شیخ فیصل سعید**

کمپنی سیکرٹری

لاہور

29 ستمبر 2022ء

## نوٹس:

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مورخہ 15 اکتوبر 2022ء سے 22 اکتوبر 2022ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔اس اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ کے استحقاق کے لیے صرف وہی شیئر ٹرانسفرز بروقت تصور ہوں گے جو میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ، HM ہاؤس، 7 بینک سکویئر، لاہور میں مورخہ 14 اکتوبر 2022ء بروز جمعہ، کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہوں گے۔

2. تمام اراکین اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ کا حق استعمال کرنے کے مجاز ہیں۔اس اجلاس میں شرکت کرنے کا اہل رُکن کسی دوسرے رُکن کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ کا حق استعمال کرنے کے لیے پراکسی نامزد کر سکتا ہے۔صرف وہی پراکسیز موثر ہوں گی جو کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر اجلاس کے منعقد ہونے سے 48 گھنٹے پہلے تک موصول ہوں گی۔

3. اجلاسِ ہٰذا کیلیے پراکسی فارم ممبران کو نوٹس کے ہمراہ ارسال کر دیے گئے ہیں۔مزید برآں اس فارم کی نقول کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے دفتری اوقات کے دوران حاصل کی جا سکتی ہیں۔پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.escortsbank.net سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

4. تمام اراکین سے التماس ہے کہ اگر انہوں نے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی مہیا نہیں کی تو وہ جمع کروا دیں اور اپنے پتے میں کسی بھی قسم کی تبدیلی سے حمید مجید ایسوسی ایٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کو فوری آگاہ کر دیں۔

5. سی ڈی سی کھاتہ داران سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں دی گئی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں:

### اجلاس میں شرکت کے لیے

I. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے) پیش کیے جائیں گے۔

II. انفرادی صُورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

### پراکسی کے تقرر کے لیے

I. انفرادی صُورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، مندرجہ بالا ہدایات کے مطابق پراکسی جمع کرائے گا۔

II. پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیئے جن کے نام پتے اور کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں۔

III. رُکن اور پراکسی کے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونی چاہیئں۔

IV. پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

V. کارپوریٹ ادارے کی صُورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا مختار نامہ مع نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پراکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنے ہوں گے۔

### کھاتوں کی موجودگی

کمپنی نے اپنی ویب سائٹ www.escortsbank.net پر آڈیٹر کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور چیئرمین کی ریویو رپورٹ کے ساتھ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ سالانہ مالیاتی کھاتے رکھ دیئے ہیں۔

## کھاتوں کی بذریعہ ڈیجیٹل سٹوریج ترسیل

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او 2016 / (1)470 مورخہ 31 مئی 2016 کے مطابق 28 اکتوبر 2019 کو ہونے والی کمپنی کی 24ویں سالانہ جنرل میٹنگ کے دوران ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ کے ممبران نے سالانہ رپورٹس کی ترسیل ہارڈ کاپیوں کی بجائے بذریعہ CD/DVD/USB کے لیے اپنی رضامندی دی تھی جس میں آڈٹ شدہ سالانہ مالی کھاتے اور اس میں موجود دیگر معلومات۔ وہ شیئر ہولڈر جو مذکورہ دستاویزات کی ہارڈ کاپیاں حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی سیکرٹری/شیئر رجسٹرار کو درخواست بھیج سکتے ہیں، درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.escortsbank.net / پر دستیاب ہے اور کمپنی مذکورہ دستاویزات شیئر ہولڈرز کو ایک ہفتے کے اندر مفت فراہم کرے گی۔

## ای میل کے ذریعے کھاتوں کی ترسیل

ایس آر او 2014/(I)787 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی طرف سے دی گئی ہدایات کی تعمیل میں، وہ شیئر ہولڈرز جو مستقبل میں سالانہ مالیاتی گوشوارے ڈاک سے وصول کرنے کے بجائے ای میل کے ذریعے وصول کرنا چاہتے ہیں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ یعنی www.escortsbank.net پر دستیاب سٹینڈرڈ فارم پر اپنی باضابطہ رضامندی دیں اور اپنے ای میل ایڈرس کے ساتھ دستخط شدہ فارم بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی کے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھیج دیں۔

## ضمیمہ-1

خصوصی کاروبار سے متعلق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت بیان۔

یہ بیان 22 اکتوبر 2022 کو منعقد ہونے والی کمپنی کی آئندہ سالانہ جنرل میٹنگ میں کاروائی کے لیے ایجنڈے کے آئٹم 4 میں درج خصوصی کاروبار سے متعلق خاص حقائق کا تعین کرتا ہے۔

کمپنی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمیٹی کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے ڈائریکٹرز کو بورڈ میٹنگ کے علاوہ 50,000 روپے معاوضے کے تعین کی خصوصی قرارداد منظور کرنے کے لیے اپنے شیئر ہولڈرز کی منظوری طلب کرتی ہے۔ کمپنی نان بینکنگ فنانس کاروبار کے مارکیٹ سیکٹر میں ہنرمند افراد کے لیے کوشاں ہے اور کمپنی کے کاروبار کو سنبھالنے اور اس کی قیادت کرنے کے لیے درکار اعلیٰ صلاحیتوں کے حامل ایگزیکٹوز اور پیشہ ور افراد کو راغب کرنا اور برقرار رکھنا کمپنی کی کامیابی کے لیے بہت ضروری ہے۔ ڈائریکٹرز کے لیے معاوضے کا پیکیج مارکیٹ کے مطابق ہے۔
مزید برآں، ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کمپنی سیکرٹری جناب شیخ فیصل سعید صاحب کے دفتر واقع گراؤنڈ فلور، 26-ڈیوس روڈ، میں معائنہ کے لیے دستیاب ہیں اور ان کا معائنہ عام دفتری اوقات میں میٹنگ کے ایک دن پہلے تک کیا جاسکتا ہے۔